URDU

آداب
Night Ravens میں شمولیت اختیار کریں!

1990 سے گلیوں کو محفوظ بنانے میں مدد کر رہی ہے

رابطے کی تفصیلات

دفتر کا پتہ:
Storgata 28, inng. Lybekkergata
ٹیلی فون: +47 23 00 21 20
یا مطلع post@natteravnene.no
www.facebook.com/natteravnene

www.natteravnene.no

خود کو جانچیں - کیا آپ میں وہ خوبیاں ہیں جن سے ایک Night Raven بنتا ہے؟

ہاں - نہیں

کیا آپ کی عمر 18 اور 80 برس کے درمیان ہے؟ ____ ____

کیا آپ لوگوں سے گھل مل جانے والے فرد ہیں؟ ____ ____

کیا آپ انسانیت کے متعلق ایک مثبت نظریئے کے حامل ہیں؟ ____ ____

کیا آپ میں عقلِ سلیم ہے؟ ____ ____

کیا آپ کو تازہ ہوا کھانا اور ورزش کرنا پسند ہے؟ ____ ____

ایک سال کے عرصے کے دوران کیا آپ کے دو یا اس سے زیادہ جمعہ یا ہفتہ کے فارغ ایام ہوتے ہیں؟ ____ ____

چار یا اس سے زیادہ ہاں؟
پھر آپ کے ایک بے داغ Night Raven بننے کا غالب امکان ہے!

ایک Night Raven عقلِ سلیم اور انسانیت کے متعلق مثبت نظریئے کا حامل ایک بالغ فرد ہوتا ہے۔
Night Ravens کی طاقت یہ ہے کہ بنیادی طور پر کوئی بھی فرد ایک Night Raven ہو سکتا ہے!
ہمیں ہمیشہ مزید Night Raven کی ضرورت ہوتی ہے کیونکہ ایسے لوگوں کی اشد ضرورت ہے جنہیں دوسروں کی پرواہ ہو!

www.natteravnene.no

Night Ravens کے متعلق حقائق:

NIGHT RAVENS والدین، کنواروں، پینشنروں، نوجوانوں - ہر طرح کے لوگوں پر مشتمل ہوتے ہیں جن میں ایک چیز مشترک ہوتی ہے: انہیں معاشرے کی پرواہ ہوتی ہے۔ نوجوانوں کے اسکولوں، اضلاع یا رضاکار مراکز کے ذریعے بہت سے گروہ منظم کیے جاتے ہیں۔

NIGHT RAVENS ایک رضاکار تنظیم ہے ایسے بالغوں کی جو شام اور رات کے وقت چھوٹی چھوٹی ٹولیاں بنا کر مقامی علاقے میں ادھر ادھر پھرتے ہیں۔ Night Ravens کا کام منظرِ عام پر اور قابلِ رسائی رہنا ہے، اس خیال کی بنیاد پر کہ یہ بذاتِ خود پرتشدد واقعات اور غارت گری پر قابو پانے میں مدد دیتا ہے۔

ہم حسبِ ضرورت پیشہ ورانہ مدد طلب کرتے ہوئے، ایسے افراد کی رہنمائی بھی کرتے ہیں، جو کسی بھی وجہ سے، اپنی دیکھ بھال کرنے سے قاصر ہوتے ہیں۔

Night Raven بننے کے لیے آپ کو کراٹے سیکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ کو ایک ہی سانس میں 10 کلوگرام کے بینچ پریس کے قابل نہیں ہونا پڑتا۔ اس کی بجائے ہم الفاظ استعمال کرتے ہیں۔ Night Ravens کبھی بھی تشدد کی صورتِ احوال میں مداخلت نہیں کرتے، بلکہ وہ دیکھتے ہیں اور اگر ضرورت ہو تو پولیس کو طلب کرتے ہیں۔

آپ کو ایک پیسہ بھی ادا نہیں کیا جائے گا، لیکن آپ شہر اور اپنے مقامی ماحول کے مطابق بہت کچھ جانیں گے، بہت سی تازہ ہوا کھائیں گے اور نئے جان پہچان والے لوگ بنائیں گے - نتیجے میں یہ معجزے کر دکھاتا ہے!

آپ کو ابتدائی طبی امداد دینا سیکھنے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ ہم آپ کو سکھائیں گے۔ Night Ravens اوسلو اور اکرشس میں تمام پیدل چلنے والوں کو مفت ابتدائی طبی امداد کے کورسز کی پیشکش کرتے ہیں۔

www.natteravnene.no

کیا آپ Night Ravens بننے کے خواہش مند ہیں؟

ہم سے آج ہی رابطہ کریں!

www.natteravnene.no

Night Ravens کا مقصد ہے:

- عمر کے تمام گروہوں کے لیے گلیوں اور سڑکوں کو محفوظ بنانا
- منشیات، تشدد اور لوٹ مار کے مسئلے کی شدت کو کم کرنے کے لیے بالغوں کی موجودگی کی اجازت دینا
- اس حقیقت کا شعور بیدار کرنا کہ سنگین مجرمانہ جرائم کی اطلاع دینا فطرتی بات ہے
- نوجوانوں اور متین بالغوں کے درمیان فطرتی رابطہ پیدا کرنا

Night Ravens پر لازم ہے:

- قابلِ رسائی رہیں
- تحفظِ امن کے مقامی کارکنان کے طور پر کارروائی نہ کریں نہ ہی کسی بھی قسم کا تحکم استعمال کریں
- انسانیت کے متعلق ایک مثبت نظریہ رکھیں
- جب دوسرے شفافیت سے سوچنے کی صلاحیت کھو بیٹھیں تو ان میں یہ صلاحیت ہو
- تنازعات کو سلجھانے کے لیے زبانی ابلاغی مہارتیں استعمال کریں

www.natteravnene.no